09 نومبر 2017ء

مالی سال18ء کے ابتدائی چار مہینوں میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 6.4 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال18ء کے پہلے چار ماہ (جولائی تا اکتوبر) میں 6444.46 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جبکہ گذشتہ برس کی اسی مدت میں 6301.39 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

اکتوبر 2017ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1654.45 ملین ڈالر تھی جو ستمبر 2017ء کے مقابلے میں 27.87 فیصد زیادہ، اور اکتوبر 2016ء کے مقابلے میں 5.99 فیصد زائد ہیں۔ بلحاظ ملک اکتوبر 2017ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 461.07 ملین ڈالر، 333.57 ملین ڈالر، 215.64 ملین ڈالر، 270.46 ملین ڈالر، 184.76 ملین ڈالر، اور 51.12 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ اکتوبر 2016ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 470.19 ملین ڈالر، 358.38 ملین ڈالر، 183.26 ملین ڈالر، 173.4 ملین ڈالر، 183.13 ملین ڈالر اور 35.36 ملین ڈالر تھیں۔ اکتوبر 2017ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 137.83 ملین ڈالر رہیں جبکہ اکتوبر 2016ء میں ان ملکوں سے 157.30 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

☆☆☆